© rasailojaraid.com



اس درمیان میں انگریزی اور اردو میں بعض بہت اچھی اور معلومات افزا کتابیں طبع ہو گئی ہیں۔ تاہم اس رسالہ کی اہمیت اپنی جگہ پر ہے۔

**مقالات احسان** از جناب مرزا احسان احمد صاحب وکیل۔ تقطیع کلاں۔ کتابت وطباعت اعلیٰ۔ قیمت ندارد۔ پتہ: دارالمصنفین۔ اعظم گڈھ۔ مرزا صاحب اردو زبان کے مشہور ادیب، شاعر اور نقاد ہیں اور معارف میں آپ کے متعدد مقالات شائع ہو کر ارباب علم و ادب کے حلقہ میں بڑی دلچسپی سے پڑھے گئے ہیں۔ یہ کتاب موصوف کے سولہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ جن میں دو مقالے مولانا شبلی کی فارسی شاعری اور تنقید نگاری پر اور چند مضامین جگر مراد آبادی۔ اصغر گونڈوی، فانی، سہیل، اثر لکھنوی، دل شاہجہانپوری۔ اور حبیب احمد صدیقی کی شاعری اور ان کے فن پر ہیں اگرچہ اب شاعری اور تنقید دونوں نے ایک نیا ماحول اور نیا معیار پیدا کر لیا ہے اور "جدیدیت" نے وہ ایک طوفان اٹھایا ہے کہ لوگ شبلی اور حالی کو بھولنے لگے ہیں۔ تاہم مرزا صاحب کے مقالات اپنا ایک مقام رکھتے ہیں اور امید ہے کہ سنجیدہ ادبی طبقوں میں دلچسپی سے پڑھے جائیں گے۔

**درود اعلیٰ** از حکیم سید مصلح الدین صاحب ثاقب۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ مصنف محلہ پہاڑپور۔ اعظم گڈھ۔ اس کتابچہ میں پہلے درود کے فضائل پر کچھ احادیث مع اردو ترجمے کے نقل کی گئی ہیں۔ اور پھر لائق مولف نے ایک طویل درود صنعت غیر منقوط میں عربی میں خود تصنیف کیا ہے۔ درود جس کا مقصد کسب سعادت اور حصول اجر و ثواب ہے۔ اس میں کسی قسم کا تکلف اور آورد نہیں ہونا چاہیے اور درود وہی اعلیٰ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابۂ کرام سے منقول ہیں۔ تاہم لائق مولف نے اپنی جس استعداد اور فن کا مظاہرہ کیا ہے اس کا اعتراف ضروری ہے اور درود شریف پر ان کی یہ محنت ان کے حب نبوی کی بھی دلیل ہے۔

**مکاتیب بہادر یار جنگ**۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۵۴ صفحات۔ کتابت وطباعت معمولی قیمت: ۵۰/۱ روپے۔ پتہ: ادبی ٹرسٹ بکڈپو۔ کمال ابنک بلڈنگ عابد روڈ۔ حیدرآباد۔ دکن



© rasailojaraid.com